سوال

(534) دلالی کے ذریعے کمانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا حیثیت ہے دلال کی، جو دلالی کر کے رقم یا کمیشن وغیرہ وصول کرتا ہے۔ کیا درست ہے کہ نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: «لَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ» حضری بدوی کی خاطر بیع نہ کرے آپ ﷺ کے اس فرمان سے مفہوم ہے کہ حضری حضری کے مال کی بیع، بدوی بدوی کے مال کی بیع، اور بدوی حضری کے مال کی بیع (دلالی) کر سکتا ہے تو حضری کا بدوی کی دلالی کرنا ممنوع ہے اور باقی دلالی کی مذکورہ بالا تینوں صورتیں درست ہیں بشرطیکہ ان میں کوئی اور خلاف شرع چیز نہ پائی جاتی ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

خرید و فروخت کے مسائل ج1ص 374

محدث فتویٰ